| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 4 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پانچوں حِسّوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان) (سننا: اُونچا، دھیما، کم، زیادہ) (سونگھنا: خوش بو، بدبو) (چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکین) (چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم)

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:

الف: دیکھنے اور سننے کے حِسّی اعضا کے نام بتائیں۔

ب: دیکھنے کی حس سے ہمیں کیا پتہ چلتا ہے؟

طلبہ کو بتائیں آج ہم سونگھنے کی حس کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 7 کی آخری سطر ''ہم اپنی ناک سے ۔۔۔۔۔ ہیں'' پڑھوائیں اور اس کے نیچے دی گئی تصاویر دکھائیں۔
- طلبہ کو حسی عضو ناک کا تصویری فلیش کارڈ دکھائیں۔ انھیں بتائیں کہ ناک کی مدد سے ہم:
  - سانس لیتے ہیں
  - چیزوں کی بو محسوس کرتے ہیں
- اُنھیں بتائیں کہ سونگھنے سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ چیزوں کی بُو کیسی ہے؟
- طلبہ کو مختلف چیزوں کی بُو کے بارے میں بتائیں۔ جیسے:

♦ پھولوں سے خوشبو آتی ہے۔

♦ کچرے سے بدبو آتی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بو | بُو | مہک |
| سونگھنا | سونگھ۔نا | بُو لینا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں: سونگھنے کی حس ہمیں کیا بتاتی ہے؟

سرگرمی ا کے سوال (ج) کا جواب طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپی میں لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔




**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ


کیا آپ کو گلاب کی خوشبو پسند ہے؟ گلاب کے علاوہ اور کن پھولوں کی خوشبوؤں سے آپ واقف ہیں؟ کمرا جماعت میں اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: میرا جسم | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام:__________ |
|---|---|---|

سوال1: ان چیزوں میں رنگ بھریں جنھیں آپ سونگھ سکتے ہیں۔



سوال2: درج ذیل چیزوں سے خوشبو آتی ہے یا بدبُو ان کے نیچے لکھیں۔











| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 4 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پانچوں حِسّوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان) (سننا: اُونچا، دھیما، کم، زیادہ) (سونگھنا: خوش بو، بدبو) (چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکین) (چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم)

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو حسّی اعضا کی نشان دہی کروائیں۔ انھیں بتائیں کہ اب تک ہم دیکھنے، سننے اور سونگھنے کی حس کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان چکے ہیں۔ آج ہم چکھنے کی حس کے متعلق پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کی پہلی سطر پڑھوائیں۔
- انھیں حسی عضو "زبان" کا تصویری فلیش کارڈ دکھائیں۔
- انھیں بتائیں زبان کی مدد سے ہم ذائقہ چکھتے ہیں۔ مختلف چیزوں کے مختلف ذائقے ہوتے ہیں جیسے:
- کچھ چیزوں کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے مثلاً چینی، مٹھائی، حلوا اور ٹافیاں وغیرہ۔
- کچھ چیزوں کا ذائقہ نمکین ہوتا ہے۔ مثلاً: نمک، چپس، سموسے وغیرہ۔
- کچھ چیزوں کا ذائقہ کھٹّا ہوتا ہے۔ مثلاً: لیموں، املی وغیرہ۔
- کچھ چیزوں کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔ مثلاً: دوائی وغیرہ۔
- طلبہ کو بتائیں ہمیں زبان کی مدد سے ان تمام ذائقوں کا پتہ چلتا ہے۔
- طلبہ سے ان کے پسندیدہ کھانے کی چیزوں کے بارے میں گفتگو کریں اور ان کے ذائقے کے بارے میں پوچھیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ذائقہ | ذا۔ ءِ۔ قَہ | مزہ۔ لذّت |
| چکھنا | چکھ۔ نا | ذائقہ دیکھنا |
| نمکین | نَم۔ کین | نمک دار |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: چکھنے کی حِس ہمیں کیا بتاتی ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مختلف کھانے کی چیزیں لے کر ان کو زبان پر رکھیں اور بتائیں اِن کا ذائقہ کیسا ہے؟ اپنے پسندیدہ ذائقے کے بارے میں ساتھیوں کو بتائیں۔


**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:____________** | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: میرا جسم** |


**ذیل میں دی گئی جن چیزوں کے ذائقوں سے آپ واقف ہیں ان کے ذائقے لکھیں۔**




____________




____________



____________



____________



____________



____________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 4 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پانچوں حِسّوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان) (سننا: اُونچا، دھیما، کم، زیادہ) (سونگھنا: خوش بو، بدبو) (چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکین) (چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم)

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے دیکھنے، سننے، سونگھنے اور چکھنے کے حسّی اعضا کے نام پوچھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم چھونے کی حِس کے بارے میں جانیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کی سطر ''ہم اپنے ہاتھوں۔۔۔۔ چھوتے ہیں''۔ پڑھوائیں۔
- طلبہ کو حِسی عضو جلد کے بارے میں بتائیں کہ ہم ہاتھوں کی مدد سے چھوتے ہیں۔ کسی چیز کو چھونے سے ہم اس کی بناوٹ کو محسوس کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ چھونے سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ:
  - کچھ چیزیں نرم ہوتی ہیں۔
  - کچھ چیزیں سخت ہوتی ہیں۔
  - کچھ چیزیں کھردری ہوتی ہیں۔
  - کچھ چیزیں ٹھنڈی ہوتی ہیں۔
  - کچھ چیزیں گرم ہوتی ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| کھردری | کھر۔دَری | ناہموار۔اونچانیچا |
| ملائم | مُ۔لا۔اِم | نرم |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: چھونے کے لیے ہم جسم کے کس حصّے کا استعمال کرتے ہیں۔ کوئی چیز نرم ہے یا سخت، ٹھنڈی ہے یا گرم، کیسے پتہ چلے گا؟ طلبہ سے کتاب پر سرگرمی نمبر (۴) حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کپڑا، لکڑی، پھول وغیرہ کو چُھو کر بتائیں کہ ان میں سے کون سی چیز نرم، ملائم یا کھردری ہے؟

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:____________** | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: میرا جسم** |

دی گئی تصاویر کے نیچے ان کی بناوٹ لکھیں۔





